State Visit of the President of India to the Republic of Turkmenistan and Kingdom of the Netherlands (April 1-7, 2022)

March 22, 2022

صدر جمہوریہ ہند کا جمہوریہ ترکمانستان اور سلطنت ہالینڈ کا سرکاری دورہ (1-7 اپریل 2022)

22 مارچ، 2022

ترکمانستان کے صدر کی دعوت پر، ہندوستان کے معزز صدر جناب رام ناتھ کووند 1 سے 4 اپریل 2022 تک ترکمانستان کا سرکاری دورہ کریں گے۔ یہ آزاد ترکمانستان کے لئے صدر جمہوریہ ہند کا پہلا دورہ ہوگا۔ یہ دورہ ترکمانستان کے نئے صدر کے حلف برداری کے عین بعد طے پا رہا ہے۔

دورے کے دوران، صدر ہند ترکمانستان کے نئے صدر عزت مآب جناب سردار بردی محمدوف سے ملاقات کریں گے، اور دوطرفہ اور علاقائی تعاون کے مختلف امور پر تبادلہ خیال کریں گے، جن میں جنوری 2022 میں منعقدہ ہند-وسطی ایشیا سربراہی اجلاس کے نتائج پر عمل درآمد بھی شامل ہے۔ اس دورے کے دوران کچھ معاہدوں/ مفاہمت ناموں پر دستخط بھی متوقع ہے۔

ترکمانستان کے دورے کے بعد 4 سے 7 اپریل 2022 تک ہندوستان کے صدر مملکت ہالینڈ کا سرکاری دورہ کریں گے جو کہ شاہ ولیم - الیگزینڈر اور ملکہ میکسما کی دعوت پر طے پا رہا ہے۔ نیدرلینڈز کے دورے کے دوران، صدر ہند ہالینڈ کے وزیر اعظم عزت مآب مارک روٹے کے ساتھ ساتھ مملکت ہالینڈ کے شاہی معززین سے بھی بات چیت کریں گے۔

آنے والا دورہ اہم ہے کیونکہ 2022 کے دوران، ہندوستان اور ہالینڈ سفارتی تعلقات کے قیام کے 75 سال کا جشن منا رہے ہیں۔ 2021 میں، دونوں ممالک کے وزرائے اعظم کے درمیان منعقدہ ورچوئل سمٹ کے دوران، پانی پر ایک اسٹریٹجک پارٹنرشپ کا آغاز کیا گیا جس میں اس اہم شعبے میں دونوں فریقین کے درمیان روابط کی سطح کو بڑھانے کی بات کی گئی۔ زراعت، صحت، شہری ترقی، سائنس اور ٹیکنالوجی جیسے شعبوں میں تعاون باہمی تعلقات کے دیگر اہم ستون ہیں۔ نیدرلینڈز ہندوستان کا ایک اہم اقتصادی اور تجارتی شراکت دار بھی ہے اور یہ ملک ہندوستان کا چوتھا سب سے بڑا ایف ڈی آئی ذریعہ ہے۔ یہ براعظم یورپ میں سب سے بڑے ہندوستانی باشندوں کی میزبانی بھی کرتا ہے۔

نئی دہلی

22 مارچ، 2022

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.